سمعی مہارت کی مشقیں

مشق 2

متن

آج بلال میاں کا نئی جماعت میں پہلا دن ہے۔ ان کو کلاس میں سب سے آگے جگہ ملی۔ انہوں نے برابر والی کرسی پر بیٹھے ہوئے بچے کو کہا، "السلام علیکم"۔ اس بچے نے جواب دیا، "وعلیکم السلام"۔ بلال میاں نے اس بچے سے پوچھا، "آپ کا کیا نام ہے؟" اس بچے نے بتایا کہ اس کا نام اکبر ہے۔ بلال اور اکبر باتیں کرنے لگے اور جلد ہی دوست بن گئے۔ پھر ان کی استانی کلاس میں آگئیں۔ ان کا نام مس ہما ہے۔ وہ ریاضی پڑھاتی ہیں۔

سوالات

سنیے اور خالی جگہیں پر کیجیے: (10)

آج بلال میاں کا _____ جماعت میں پہلا دن ہے۔ ان کو کلاس میں سب سے آگے _____ ملی۔ انہوں نے برابر والی _____ پر بیٹھے ہوئے بچے کو کہا، "السلام علیکم"۔ اس بچے نے _____ دیا، "وعلیکم السلام"۔ بلال میاں نے اس بچے سے پوچھا، "آپ کا کیا _____ ہے؟" اس بچے نے بتایا کہ اس کا نام _____ ہے۔ بلال اور اکبر باتیں کرنے لگے اور جلد ہی _____ بن گئے۔ پھر ان کی استانی کلاس میں آگئیں۔ ان کا نام مس _____ ہے۔ وہ _____ پڑھاتی ہیں۔

سنیے اور درست جوابات پر نشان لگائیے۔ (10)

۱۔ آج بلال میاں کا ____ جماعت میں پہلا دن ہے۔

تیسری   نئی   اپنی

۲۔ ان کو کلاس میں سب سے آگے ____ ملی۔

پینسل　　　　　　　کرسی　　　　　　　جگہ

۳۔ انھوں نے برابر والی ـــــ پر بیٹھے ہوئے بچے کو کہا، "السلام علیکم"۔

کرسی　　　　　　　سیٹ　　　　　　　جگہ

۴۔ اس بچے نے ـــــــ دیا، "وعلیکم السلام"۔

خیال　　　　　　　ہاتھ　　　　　　　جواب

۵۔ بلال میاں نے اس سے پوچھا، "آپ کا کیا ـــــــ ہے؟"

خیال　　　　　　　نام　　　　　　　کام

۶۔ اس بچے نے بتایا کہ اس کا نام ـــــــ ہے۔

اکبر　　　　　　　بلال　　　　　　　شاکر

۷۔ بلال اور اکبر ـــــــ کرنے لگے۔

کام　　　　　　　شکر　　　　　　　باتیں

۸۔ وہ دونوں جلد ہی ـــــــ بن گئے۔

بچے　　　　　　　دوست　　　　　　　پڑوسی

۹۔ بلال میاں کی استانی کا نام مس ـــــــ ہے۔

صبا　　　　　　　ہما　　　　　　　منزہ

۱۰۔ وہ ـــــــ پڑھاتی ہیں۔

اردو　　　　　　　ریاضی　　　　　　　سائنس

سننے کی مشق کے بعد بات چیت

کیا آپ کو یاد ہے کہ آپ کا کسی نئی جماعت میں پہلا دن کیسا گزرا تھا؟

اکبر اور بلال نے بات چیت کیسے شروع کی؟

السلام علیکم سے بات کا آغاز کرنے کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟

****